العارف

مدیر : سید ارشاد احمد عارف

ملنے کا پتا : العارف ،جامعہ نظامیہ ، اندرون لوہاری دروازہ - لاہور

صفحات ۵۶ - کتابت ، طباعت ،کاغذ بہتر - قیمت فی پرچہ ۴ روپے

" العارف " لاہور سے شائع ہو رہا ہے اور پاکستان کے علمی رسائل میں سے ہے - اس کے ادارہ تحریر میں مفتی عبدالقیوم ہزاروی ، سید ارشاد احمد عارف اور سید خورشید احمد گیلانی شامل ہیں -

زیر نظر شمارہ ماہ شعبان ۱۴۰۱ھ کا ہے ، اس میں ایک مضمون تو ڈاکٹر حمید اللہ کا ہے ،جس کا عنوان ہے " اسلام میں بین المملکتی قوانین " دوسرا سید خورشید احمد گیلانی کا " تاریخ - مطالعہ ، تجزیہ " کے عنوان سے ہے - تیسرا " اسلام اور تعمیر اخلاق " ملک شیر محمد اعوان کا ہے - چوتھا " قرآن مجید " کے عنوان سے آل احمد رضوی کا ہے - پانچواں محمد صدیق ہزاروی کے قلم سے حافظ مظہر الدین مرحوم کے بارے میں ہے - ایک اور مضمون بعنوان " زبان و بیان " سید سلیمان اشرف مرحوم کے رشحات قلم کا نتیجہ ہے -

حصہ نظم میں ایک نظم جناب احسان دانش کی ہے ، " حدیث افغانستان " - ایک نظم نظر زیدی صاحب کی ہے ، " قرآن اور صاحب قرآن "